© rasailojaraid.com

ضمیمے ہیں۔ کانگریس، مسلم لیگ، جمعیۃ علماء ہند اور مجلس احرار اسلام کے سیاسی و ملی کردار پر مختصر مگر جامع تبصرہ ہے۔ خاص طور پر مسلم لیگ کی فرقہ وارانہ سیاست کا بے لاگ تجزیہ ہے کہ جس کے نتائج اجتماعی سزا کے طور پر چون سال گزرنے کے باوجود برصغیر کے مسلمان آج بھی بھگت رہے ہیں۔

**''فتاویٰ مفتی محمودؒ'' (جلد اوّل)**

ضخامت: ۶۲۸۔ قیمت: ۲۲۰ روپے

ناشر: محمد ریاض درانی۔ سال اشاعت: جولائی ۲۰۰۱ء

ملنے کا پتا: جمعیۃ پبلی کیشنز، متصل مسجد پائلٹ ہائی سکول، وحدت روڈ۔ لاہور

حضرت مولانا مفتی محمود رحمۃ اللہ علیہ پاکستان کی سیاسی تاریخ میں ایک نامور شخصیت ہیں۔ وہ اپنا تعارف آپ ہیں۔ جامعہ قاسم العلوم ملتان کے دارالحدیث میں چٹائی پر بیٹھ کر درسِ حدیث سے لے کر پارلیمنٹ میں اسلام اور مسلمانوں کے دفاع کی جنگ تک اُن کی خدمات کا دائرہ پھیلا ہوا ہے۔ اُن کی سیاست سے اختلاف ہوسکتا ہے مگر اُن کے تقویٰ و تدین اخلاص وللٰہیت، علمی و فقہی مقام و مرتبہ اور قومی و دینی خدمات کا انکار ممکن نہیں۔ حضرت مفتی محمود رحمہ اللہ کی سیاسی خدمات کے حوالے سے بہت کچھ شائع ہو چکا ہے۔ مگر اُن کے علمی و فقہی کام کی اشاعت کا حق ادا نہیں ہوا۔ اللہ تعالیٰ جزائے خیر عطا فرمائے محمد ریاض درّانی کو جنھوں نے یہ چوٹی سر کرنے کا عزم کر رکھا ہے۔ فتاویٰ مفتی محمودؒ (جلد اوّل) میں کتاب العقائد، کتاب الطہارت، احکامِ مساجد اور مواقیت الصلوٰۃ کے زیر عنوان ۱۱۸ مسائل پر حضرت مفتی صاحب کے فتاویٰ شامل ہیں۔ برادر محترم مفتی محمد جمیل خان صاحب کا طویل ترین مقدمہ حضرت خواجہ خان محمد صاحب دامت برکاتہم، شیخ الحدیث مولانا محمد سرفراز صفدر مدظلہ اور مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر کی تقریظات نے کتاب کی اہمیت اور بھی بڑھا دی ہے۔

اعلیٰ کتابت و طباعت، دیدہ زیب سرورق اور مضبوط جلد، جناب ریاض درّانی کی خوش ذوقی کی اعلیٰ مثال ہے۔

حُسینیہ پرنٹنگ پریس
پرانی غلہ منڈی، بیرون بوہڑ گیٹ ملتان
اشتہارات — کتب — رسائل — پمفلٹ
لیٹر پیڈ — وزیٹنگ کارڈ — شادی کارڈز
اور ہر قسم کی اعلیٰ و معیاری چھپائی کا مرکز
پروپرائٹر: ملک ظہور الحق
فون نمبر: (061) 519706 - (0303) 6662445

© rasailojaraid.com